اسرار و رموز

از جناب نہال سیوہاروی

کب ہوا تاراج برقِ بے اماں کیونکر ہوا
یہ نہ پوچھو مجھ سے برباد آشیاں کیونکر ہوا

جزو میں کیونکر الٰہی آ گئے اندازِ کُل
قطرۂ طوفانِ بحرِ بے کراں کیونکر ہوا

اُن کا جلوہ تو ازل سے ہے حجاب اندر حجاب
باعثِ ہنگامۂ کون و مکاں کیونکر ہوا

جس کی ماہیت سے ہے ذہنِ ملائک بے خبر
آشنا اس راز سے پیرِ مغاں کیونکر ہوا

اے کہ تیرا حُسن میرے دل میں ہے خلوت نشیں
پردہائے لالہ و گل سے عیاں کیونکر ہوا

ایک مشتِ خاک سے افزوں نہیں میرا وجود
سوچتا ہوں حاملِ بارِ گراں کیونکر ہوا

میں کہ تھے ہفت آسماں چکر میں رفعت سے مری
پائمالِ گردشِ ہفت آسماں کیونکر ہوا

میں کہ تھی میرے لیے پہنائی افلاک تنگ
حیرتی ہوں قانعِ یک خاکداں کیونکر ہوا

میں کہ تھی تخلیق میری خواجگی کو دہر کی
پائے بندِ احترامِ این و آں کیونکر ہوا

تھا میں صحرائے عدم میں صورتِ کنزِ نہاں
عالمِ ہستی میں خاکِ رائگاں کیونکر ہوا

بھا گئی کیوں فطرتِ آزاد کو پابستگی
آدمی مانوسِ زنجیرِ گراں کیونکر ہوا

اصل ہی جب کچھ نہیں سود و زیانِ دہر کی
گرم یہ ہنگامۂ سود و زیاں کیونکر ہوا

سازِ ہستی میں نہیں گر غیر از آہنگِ حق
اہلِ دیں! یہ فرقِ ناقوس و اذاں کیونکر ہوا

تو کہاں اے غیرتِ مہرِ درخشاں ہم کہاں
خاکساروں پر محبت کا گماں کیونکر ہوا

تجھ کو ہم اربابِ تقویٰ سے سمجھتے تھے نہال
یہ تما سرخیلِ رندانِ جہاں کیونکر ہوا